مشرکین کے ساتھ اپنی جانوں، اپنے اموال اور اپنی زبانوں کے ذریعے جہاد کرو"

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے فرمایا: "مشرکین کے ساتھ اپنی جانوں، اپنے اموال اور اپنی زبانوں کے ذریعے جہاد کرو"

[صحيح] [رواه أبو داود والنسائي وأحمد]

اللہ کے نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے کفار سے جہاد کرنے اور تمام امکانی وسائل اختیار کر کے پوری قوت سے ان کا مقابلہ کرنے کا حکم دیا ہے، تاکہ اللہ کے دین کو سربلندی حاصل ہو۔ جہاد کے کچھ وسائل درج ذیل ہیں : 1- کفار سے جہاد کے لیے ہتھیاروں کی خریداری میں اور مجاہدین کے رسد وغیرہ میں مال خرچ کرنا 2- کافروں کا مقابلہ کرنے کے لیے جسم وجاں کے ساتھ نکلنا 3- انہیں زبان سے اسلام کی دعوت دینا، ان پر حجت قائم کرنا اور ان کے دلائل ودعووں کا ابطال کرنا

http://www.sunnah.global/hadeeth/ur/show/64597